آنکھوں میں کاجل لگا ہو، تو کیا وضو اور غسل ہو جائے گا؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-12973

تاریخ اجراء: 11 صفر المظفر 1445ھ/29 اگست 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ آنکھ میں کاجل لگا ہو تو وضو اور غسل ہو جائے گا؟ یا پھر وضو اور غسل سے پہلے کاجل صاف کرنا ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

وضو اور غسل میں آنکھ کے اندرونی حصے میں پانی پہنچانا واجب یا سنت نہیں، لہذا آنکھ میں کاجل لگے ہونے کی صورت میں بھی وضو اور غسل ادا ہو جائے گا۔ البتہ کاجل یا سُرمے کا جرم اگر آنکھ کے کوئے (یعنی ناک کی طرف آنکھ کے کونے) پر یا پلکوں پر لگا ہو تو وضو اور غسل میں اُسے چھڑانا ہو گا، کیونکہ وضو یا غسل میں چہرہ دھوتے ہوئے آنکھوں کے کوئے اور پلکوں کو دھونا فرض ہے۔

وضو اور غسل میں آنکھ کے اندرونی حصے میں پانی پہنچانا واجب یا سنت نہیں۔ جیسا کہ فتاوی عالمگیری میں ہے: ”و ایصال الماء الی داخل العینین لیس بواجب و لا سنۃ“ یعنی آنکھ کے اندرونی حصے میں پانی پہنچانا واجب یا سنت نہیں۔ (فتاوی عالمگیری، کتاب الطھارۃ، ج 01، ص 04، مطبوعہ بیروت)

بدائع الصنائع میں ہے: ”وإدخال الماء في داخل العينين ليس بواجب؛ لأن داخل العين ليس بوجه؛ لأنه لا يواجه إليه، ولأن فيه حرجاً“ یعنی (وضو میں) آنکھ کے اندرونی حصے میں پانی داخل کرنا واجب نہیں، کیونکہ آنکھ کا اندرونی حصہ چہرہ نہیں کیونکہ اس کی طرف رخ نہیں کیا جاتا نیز اس میں حرج بھی ہے۔ (بدائع الصنائع، کتاب الطھارۃ، ج 01، ص 4، بیروت)

بہارِ شریعت میں ہے: ”آنکھوں کے ڈھیلے اور پپوٹوں کی اندرونی سَطح کا دھونا کچھ درکار نہیں بلکہ نہ چاہیئے کہ مُضر ہے۔“ (بہار شریعت، ج 01، ص 290، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وضو میں جن اعضا کو دھونا فرض ہے ان کا ذکر کرتے ہوئے سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ فتاویٰ رضویہ میں فرمایا ”**آنکھوں کے چاروں کوئے۔** آنکھیں زور سے بند نہ کرے، یہاں کوئی سخت چیز جمی ہوئی ہو تو چھڑا لے۔“

مزید اسی میں پلکیں دھونے کے فرض ہونے سے متعلق فرمایا: ”**پلک کا ہر بال پورا۔** بعض اوقات کیچڑ وغیرہ سخت ہو کر جم جاتا ہے کہ اس کے نیچے پانی نہیں بہتا، اس کا چھڑانا ضرور ہے۔“ (فتاوی رضویہ، ج01(ب)، ص598، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net